سوال

(558)زیور کی زکوۃ ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زیور جو استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں زکواۃ ہے یا نہیں یہاں کے لوگ آپس میں مختلف ہیں۔ بعض زکواۃ کو مانتے ہیں۔ دلیل میں سواران کی کی حدیث پش کرتے ہیں۔ اور بعض مستعمل چیز مان کر عدم فرضیت کے قائل ہیں۔ اور یہی رائے صاحب تزکیر اخوان کی بھی ہے۔ بہر حال دونوں صورتوں میں سے جو اصح ترین صورت ہو تحریر فرمایئں اور احوط کا احتیاط رہے۔ اور اگر فرض ہے تو صرف ایک دفعہ یا ہر سال؟ (حاجی محمد سعید از جیت گڑھ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اصح (زیادہ صحیح) کا سوال بے معنی ہے۔ کیونکہ ہر قائل کے نزدیک اس کا قول اصح ہے احوط یہی ہے کہ ہر سال ادا کرے۔ تاکہ اختلاف سے نکل جائے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص726

محدث فتویٰ